Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

یوم جمعرات

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت ۴۰ پیسے

DAILY AL FAZL RABWAH

جلد ۶۷/۳۲ | ۲۷ محرم ۱۳۹۹ھ ۲۸ فتح ۱۳۵۷ھش ۲۸ دسمبر ۱۹۷۸ء | نمبر ۲۹۵

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

غلبۂ اسلام کے حصول کے لئے قربانیاں دیں

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے سپرد یہ عظیم کام کیا گیا ہے کہ تمام عالم میں اسلام غالب آجائے اور انوارِ قرآنی دُنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیل جائیں۔ اِس مقصد کے جلد تر حصول کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کا اجراء فرمایا۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ یہ مہم سُرعت اور تیزی کے ساتھ کامیابی کے مراحل طے کرلے تو ہمیں مسلسل قربانیاں کرنی ہوں گی۔ پس خدا تعالیٰ کے دیئے ہوئے اموال سے اس کی راہ میں فراخدلی سے خرچ کرتے جائیے۔ جزاکم اللہ خیراً۔

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

جماعتِ احمدیہ کے مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ ۱۹۷۸ء کا دوسرا روز

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا نہایت بصیرت افروز اور روح پرور خطاب

غلبۂ اسلام کیلئے جماعت احمدیہ کی مساعی اور اللہ تعالیٰ کی غیر معمولی تائید و نصرت کے ساتھ اسکے خوشکن نتائج و اثرات کا ایمان افروز تذکرہ

امریکہ، جرمنی، نائیجیریا، ماریشس، سنگاپور، غانا اور انڈونیشیا کی احمدی جماعتوں کے نمائندوں کی تقاریر

ربوہ ۲۷ دسمبر ۱۹۷۸ء۔ آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعتِ احمدیہ کے چھیاسی ویں جلسہ سالانہ کا دوسرا دن تھا۔ آج کے دوسرے اجلاس میں جو کہ پونے دو بجے بعد دوپہر شروع ہوا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک نہایت بصیرت افروز اور روح پرور خطاب فرمایا جس میں حضور نے غلبۂ اسلام کے سلسلہ میں جماعتِ احمدیہ کی اِس سال کی مساعی اور جدّ و جہد کا ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے ان غیر معمولی فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ فرمایا جو ہماری حقیر مساعی کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے جماعت پر نازل فرمائے اور جن کے نتیجہ میں دُنیا کے مختلف ممالک میں نہایت خوشکن اثرات ظاہر ہوئے نئی مساجد تعمیر ہوئیں، قرآنِ پاک کی دُنیا کی مختلف زبانوں میں وسیع اشاعت ہوئی جماعت کے لٹریچر میں قیمتی اضافہ ہوا اور متعدد سعید رُوحوں نے اسلام قبول کرنے کا شرف حاصل کیا۔ اپنے بصیرت افروز خطاب میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح علیہ السلام کی صلیبی موت سے نجات کے موضوع پر لندن میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس کے وسیع اثرات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ اس نے عیسائی دُنیا کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ آخر میں حضور نے یہ اعلان فرمایا کہ جماعتِ احمدیہ قمری ہجری صدی کے آخری تین مہینے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا میں گذارے گی اور جماعت کے تمام افراد اپنی زندگیوں کو اسلامی تعلیم کے مطابق اِس طرح گذارنے کی کوشش کریں گے کہ جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ ان کی حمد و شکر کے پُرخلوص جذبات کو قبول فرمائے۔

بیرونی ممالک کی جماعتوں کے نمائندگان کی تقاریر

آج کے صبح کے اجلاس میں پروگرام کے مطابق تقاریر کے علاوہ سنگاپور، غانا اور انڈونیشیا کی احمدی جماعتوں کے نمائندوں نے بھی تقاریر فرمائیں جن میں انہوں نے اپنی اپنی جماعتوں کی طرف سے احبابِ جماعت کو السلام علیکم کا ہدیہ پیش کیا اپنی جماعتوں کی تبلیغ اسلام کے بارہ میں مساعی کا ذکر کیا اور اسلام اور احمدیت کے ساتھ اپنے اخلاص و محبت کا اظہار کرتے ہوئے اِس امر پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ اس نے اس مقدس و بابرکت جلسہ میں شامل ہونے کی انہیں سعادت عطا فرمائی۔ اس سے قبل ۲۶ دسمبر (جلسہ کے پہلے روز) کے اجلاسوں میں بھی متعدد بیرونی ممالک کے مندوبین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا چنانچہ مغربی جرمنی، نائیجیریا اور ماریشس کی جماعتوں کے نمائندوں نے مختصر تقاریر فرمائیں۔

۲۷ دسمبر کے دوسرے اجلاس کی کارروائی

ایک بجکر چالیس منٹ پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جلسہ گاہ کی سٹیج پر تشریف لاکر ظہر و عصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔ احباب نے جو جلسہ گاہ اور اس کے ملحقہ میدانوں میں دُور دُور تک پھیلے ہوئے تھے حضور کی اقتداء میں یہ نمازیں ادا فرمائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد اللہ اکبر، اسلام زندہ باد، احمدیت زندہ باد، حضرت خاتم النبیین زندہ باد اور حضرت خلیفۃ المسیح زندہ باد کے پُرجوش نعروں کے درمیان دوسرے اجلاس کی کارروائی شروع ہوئی۔ محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک کی تلاوت فرمائی جس کے بعد محترم الحاج چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اوّل نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے شیریں منظوم کلام میں سے منتخب اشعار خوش الحانی کے ساتھ پڑھ کر سنائے پھر مکرم ثاقب صاحب زیروی مدیر ہفت روزہ لاہور نے اپنی ایک طویل نظم کے دو بند زیرِ عنوان "ہم خاک نشیں" پڑھ کر سنائے جس کے دوران حاضرین جلسہ نعرہ ہائے تکبیر بلند کرکے داد دیتے رہے۔ تلاوت اور نظموں کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۱۹۷۸ء کی کارکردگی کی بنا پر خدام الاحمدیہ ربوہ کو اوّل آنے پر اپنے دستِ مبارک سے خلافت جوبلی علمِ انعامی عطا فرمایا اور دوم اور سوم آنے پر خدام الاحمدیہ دارالذکر فیصل آباد اور خدام الاحمدیہ مارٹن روڈ کراچی کو سندات خوشنودی عطا فرمائیں اور مجالس انصار اللہ میں سے مجلس ناظم آباد کراچی کو اوّل آنے پر علمِ انعامی عطا فرمایا۔

حضور ایدہ اللہ کا بصیرت افروز خطاب

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دو بجکر پچاس منٹ پر تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے ساتھ اپنے بصیرت افروز خطاب کا آغاز فرمایا جو کہ پونے پانچ بجے شام تک مسلسل جاری رہا۔ اِس خطاب میں حضور نے سب سے پہلے اُس مادی امداد کا ذکر فرمایا جو کہ مرکزِ سلسلہ ربوہ میں رہنے والے مرکزی اداروں کے کارکنوں کو اور دیگر مستحق افراد کو گندم اور نقدی کی صورت میں دی جاتی ہے۔ حضور نے فرمایا قرآن کریم نے ہمیں یہ سکھایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو استعدادیں انسان کو عطا کی ہیں اُن کی کامل نشوونما کے لئے جن ذرائع کی ضرورت ہے انہیں اختیار کیا جانا چاہیئے چنانچہ جہاں تک جسمانی ضرورت کا تعلق ہے مرکزِ سلسلہ میں رہنے والے ان تمام کارکنوں کی جو مرکزی اداروں میں کام کرتے ہیں ہم اپنی محدود طاقت کے مطابق مدد کرتے ہیں چنانچہ سال بھر کی گندم کی ضرورت کا اندازہ لگا کر اس ضرورت کا نصف حصہ مفت کارکنوں کو مہیا کرتے ہیں اور بقیہ ضرورت کے لئے انہیں قرض کی سہولت بہم پہنچاتے ہیں۔ علاوہ ازیں موسم سرما کی ضروریات کے لئے فی کس ۷۵ روپے کی رقم یکمشت بھی دے دیتے ہیں تاہم ہمیں یہ احساس ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اس دور میں یہ مدد بہت ہی ناکافی ہے۔ بہرحال ہم اپنی استطاعت کے مطابق نہ صرف سلسلہ کے کارکنوں کی بلکہ دیگر مستحقین کی بھی ہر ممکن مدد کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

پبلشر: مسعود احمد پرنٹر: سید عبدالحی مطبع: رضاء الاسلام پریس ربوہ مقام اشاعت دفتر الفضل ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اس کے بعد حضور نے جماعت کے اخبارات و رسائل خریدنے کی تحریک فرمائی اور اس ضمن میں روزنامہ الفضل، خالد، تشحیذ الاذہان، مصباح، ماہنامہ تحریک جدید اور ماہنامہ انصار اللہ اور مکرم جناب ثاقب صاحب زیروی کے ذاتی اخبار ہفت روزہ لاہور کا ذکر فرمایا۔ پھر حضور نے دوران سال جماعت کے مختلف اداروں کی طرف سے شائع ہونے والی متعدد کتب کا ذکر کر کے انہیں خریدنے کی تحریک فرمائی۔ بیرونی جماعتوں کی طرف سے جو اخبارات و رسائل اور کتب شائع ہوئی ہیں ان کا بھی ذکر فرمایا۔ پھر حضور نے مساجد کا ذکر کیا اور بتایا کہ امسال غانا، انڈونیشیا، مشرقی افریقہ اور فجی میں جو نئی مساجد تعمیر ہوئی ہیں ان کی تعداد ۵۲ ہے ان میں سے ۱۵ مساجد صرف غانا میں نئی تعمیر ہوئی ہیں چنانچہ اب صرف غانا میں احمدیہ مساجد کی تعداد دو صد تک پہنچ چکی ہے۔ سیرالیون اور سری لنکا میں بھی مساجد تعمیر ہوئی ہیں۔ کینیڈا میں ایک وسیع قطعہ زمین مسجد کے لئے حاصل کر لیا گیا ہے۔

حضور نے تراجم قرآن پاک کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ افریقہ میں سواحیلی اور ریوروبا زبانوں میں قرآن پاک کے تراجم شائع ہوئے اور بہت مقبول ہوئے۔ انڈونیشین زبان میں بھی قرآن کریم کے چند پاروں کا ترجمہ چھپ چکا ہے۔ نائیجیریا میں ہاؤسا زبان میں ترجمہ کا کام شروع ہو چکا ہے۔ وہاں پر ہر سال قرآن مجید کی جو نمائش منعقد ہوتی ہے وہ بھی خدا کے فضل سے بڑی کامیاب رہتی ہے۔ سال کے دوران مختلف ممالک کی متعدد سعید الفطرت روحوں کو اللہ تعالیٰ نے اسلام قبول کرنے کی توفیق بخشی، الحمد للہ۔

حضور نے نصرت جہاں سکیم، فضل عمر فاؤنڈیشن، تعلیم القرآن، وقف عارضی کے تحت ہونے والے کام کا بھی تذکرہ فرمایا اور پھر وقف جدید انجمن احمدیہ کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ اس کے ذریعہ ہندوؤں اور بدھ پرستوں میں تبلیغ اسلام کا بڑا اچھا کام ہو رہا ہے سینکڑوں لوگ اسلام قبول کر چکے ہیں اور ہزاروں غیر مسلم اسلام کی تحقیق میں مشغول ہیں۔

حضور نے حضرت مسیح علیہ السلام کی صلیبی موت سے نجات کے موضوع پر لندن میں منعقد ہونے والی بین الاقوامی کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یہ ایک بڑا اہم واقعہ ہے جو سال کے دوران ہوا۔ عیسائی دنیا اپنے عقائد میں مگن سوئی پڑی تھی ہماری اس کانفرنس نے اسے جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے چنانچہ عیسائی حلقوں میں کھلبلی مچ گئی۔ انہوں نے ہماری تبادلۂ خیالات کی دعوت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ اس کانفرنس کے نتیجہ میں یورپ کی ایک رپورٹ کے اندازہ کے مطابق دنیا کے چودہ کروڑ انسانوں تک ہماری آواز پہنچ گئی جبکہ جنوبی امریکہ اور بعض دیگر ممالک اس اندازہ میں شامل نہیں ہیں۔ صرف جاپان میں ہی ۴ خطوط یا مضامین اخبارات میں اس موضوع پر شائع ہو چکے ہیں۔ الغرض اس بارہ میں ہمارے مؤقف کی اللہ تعالیٰ کے فضل سے وسیع اشاعت ہوئی ہے اور اس مسئلہ میں ایک نئی زندگی پیدا ہو گئی ہے ہم اپنی جدوجہد کو جاری رکھیں گے اور چین نہ لیں گے جب تک کہ ساری دنیا میں توحید قائم نہ ہو جائے اور وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع نہ ہو جائے۔ اگر ہم اپنی استطاعت کے مطابق کام کرتے چلے جائیں گے تو اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے کہ وہ پھر اپنی شان کے مطابق اس میں برکت عطا فرمائے گا۔

"حضور نے صد سالہ جوبلی کی مبارک تحریک کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ اس تحریک کی یہ برکت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے گوٹن برگ (سویڈن) میں ہمیں ایک خوبصورت مسجد تعمیر کرنے کی توفیق دی۔ اس سال لندن میں جو بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی اور پھر حضرت مسیح کی صلیبی موت سے نجات کے بارہ میں کانفرنس میں پڑھے جانے والے جو مقالہ جات کتابی صورت میں شائع ہوئے ان سب کے اخراجات اسی تحریک کے ذریعہ پورے کئے گئے ہیں۔"

آخر میں حضور نے بتایا کہ ہم جس قمری ہجری صدی میں سے گذر رہے ہیں یعنی چودھویں صدی وہ عنقریب ختم ہونے والی ہے یہ بڑی اہم صدی ہے اس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی متعدد عظیم انقلابی پیشگوئیاں پوری ہوئی ہیں غلبۂ اسلام کے لئے مسیح موعود کی بعثت کی عظیم پیشگوئی بھی اسی صدی میں پوری ہوئی ہے۔ میرے دل میں یہ تحریک ہوئی ہے کہ اس صدی کے آخری تین مہینے جماعت احمدیہ کے افراد خاص طور پر اللہ تعالیٰ کی حمد و شکر میں گذاریں جس کے بعد پندرھویں صدی کے آغاز پر انشاء اللہ تعالیٰ ہم ایک اور جشن منائیں گے ہمیں یہ عہد کر لینا چاہیئے کہ ہم صدی کے ان آخری تین مہینوں کو ایسے رنگ میں گذاریں گے کہ ہماری زندگیاں زیادہ سے زیادہ اسلام کی تعلیم اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے مطابق ہو جائیں تاکہ اللہ تعالیٰ ہمارے حمد و شکر کے جذبات کو قبولیت کا شرف عطا فرمائے اور ہماری کوئی کمزوری اس قبولیت میں روک نہ بن سکے۔ حضور نے فرمایا میں نے آج احمدی خواتین کے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے انہیں بھی یہ نصیحت کی ہے کہ شیطان جن چور دروازوں سے داخل ہونے کی کوشش کرتا ہے ہمیں انہیں بالکل بند کر دینا چاہیئے اور بدعات سے پاک خالص اسلامی رنگ میں اپنی زندگیاں بسر کرنی چاہئیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں صدی کے ان آخری تین مہینوں میں صحیح معنوں میں اس کی حمد و ثنا اور شکر کرنے کی توفیق دے اور پھر وہ اپنے فضل سے اسے قبول بھی فرمائے۔ آمین

پونے پانچ بجے شام حضور کا یہ بصیرت افروز خطاب ختم ہوا۔ اس خطاب کا تفصیلی خلاصہ انشاء اللہ بعد میں ہدیۂ قارئین کیا جائے گا۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پُر معارف شیریں کلام

جماعت احمدیہ کے ۸۶ ویں جلسہ سالانہ کے دوسرے روز ۲۷ دسمبر ۱۹۷۸ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب سے قبل حضور ایدہ اللہ کے ارشاد کی تعمیل میں سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا درج ذیل پُر معارف و شیریں منتخب کلام مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب واقف زندگی نے خوش الحانی سے پڑھا:۔

حمد و ثنا اُسی کو جو ذاتِ جاودانی ❊ ہمسر نہیں ہے اُس کا کوئی نہ کوئی ثانی
باقی وہی ہمیشہ غیر اُس کے سب ہیں فانی ❊ غیروں سے دل لگانا جھوٹی ہے سب کہانی
سب غیر ہیں وہی ہے اِک دل کا یارِ جانی
دل میں مرے یہی ہے سبحان من یرانی

جو کچھ ہمیں ہے راحت سب اُسکی جود و منت ❊ اُس سے ہے دل کو بیعت دل میں ہے اُس کی عظمت
بہتر ہے اُسکی طاعت طاعت میں ہے سعادت ❊ یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
سب کا وہی سہارا رحمت ہے آشکارا ❊ ہم کو وہی پیارا دلبر وہی ہمارا
اُس بن نہیں گذارا غیر اس کے جھوٹ سارا ❊ یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
اے قادر و توانا آفات سے بچانا ❊ ہم تیرے در پہ آئے ہم نے ہے تجھ کو مانا
غیروں سے دل غنی ہے جب سے ہے تجھ کو جانا ❊ یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
سب کچھ تری عطا ہے گھر سے تو کچھ نہ لائے

ہوئے ہم تیرے اے قادر توانا ❊ ترے در کے ہوئے اور تجھ کو جانا
ہمیں بس ہے تری درگہ پہ آنا ❊ مصیبت سے ہمیں ہر دم بچانا
کہ تیرا نام ہے غفار و ہادی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

تجھے دنیا میں ہے کس نے پکارا ❊ کہ پھر خالی گیا قسمت کا مارا
تو پھر ہے کس قدر اُس کا سہارا ❊ کہ جس کا تو ہی ہے سب سے پیارا
ہوئیں تیرے فضلوں کا منادی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

بہار آئی ہے اِس وقتِ خزاں میں ❊ لگے ہیں پھول میرے بوستاں میں
ملاحت ہے عجب اس دلستاں میں ❊ ہوئے بدنام ہم اس سے جہاں میں
ہوا جب بڑھ گیا شور و فغاں میں ❊ نہاں ہم ہو گئے یارِ نہاں میں
ہوا مجھ پر وہ ظاہر میرا ہادی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

تجھے سب زور و قدرت ہے خدایا ❊ تجھے پایا ہر اِک مطلب کو پایا
ہر اِک عاشق نے ہے اِک بُت بنایا ❊ ہمارے دل میں یہ دلبر سمایا
وہی آرامِ جاں اور دل کو بھایا ❊ وہی جس کو کہیں رب البرایا
ہوا ظاہر وہ مجھ پر بالا بادی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

(انتخاب از "دُرِّ ثمین" اردو)

ادائیگی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی اور تزکیۂ نفوس کرتی ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نجی سرمایہ کاری کی جانب رواں دواں

حیدری انٹرنیشنل فنانس لمیٹڈ نجی سرمایہ کاری کا ایک کثیر المقاصد ادارہ
جو ہر قسم کے بڑے اور چھوٹے کاروبار، تجارت اور صنعت کے لیئے آپ کو اپنی بہترین ماہرانہ اور فنّی خدمات فراہم کرے گا۔

حیدری فنانس

- سرمایہ کاری کے سلسلے میں آپ کو مفید مشورے دے گا۔
  آپ کی بچت اور منافع کا تحفّظ مہیا کرے گا۔
- آپ کا رابطہ مشہور عالمی منڈیوں اور نامور کاروباری افراد سے مسلسل قائم رکھے گا بلکہ اسے مزید فروغ بھی دے گا۔
- آپ جتنا بھی سرمایہ لگائیں گے اسکی مکمل ضمانت دے گا۔
- یہی نہیں بلکہ آپ کو منافع کی نسبت زیادہ شرح کا یقین بھی دلائے گا۔
- آپ کی سہولت کے لیئے کاروباری امور سے متعلق تمام ضروری تفصیلات خود طے کرے گا۔
- اور آپ کو ہر قسم کی غیر ضروری مالی پریشانی سے نجات دلائے گا۔
- بلا سود سرمایہ کاری کے طریق کار پر۔

حیدری انٹرنیشنل فنانس لمیٹڈ
نجی سرمایہ کاری کا منفرد ادارہ

زخامہ

اکسیر رانی کھیت (گولیاں)

فی شیشی -/۲ روپے۔ درجن ۱۸/- روپے۔
گروس ۲۰۱/۶۰ روپے مع بونس۔

رانی کھیت روک (ٹیبلٹس)

فی ٹیوب (۳۶ مرغیوں کے تحفظ کیلئے) -/۳۱ روپے
درجن -/۲۷۔ گروس ۳۰۰/۲۰ روپے مع بونس۔
پولٹری کی ادویات کا مفصل لٹریچر مفت
کیور میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ نیوز)
گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۰/۶۰۷

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ کے مبارک ہاتھوں سے قائم کردہ

دواخانہ حکیم نظام جان

سنہ ۱۹۱۱ء سے اسی نام سے دکھی انسانوں کی خدمت کرتا چلا آرہا ہے
اس سال ربوہ میں ہماری دکان نزد ریلوے کراسنگ ہوگی۔

دواخانہ کی مشہور ادویات

حب اٹھرا	مکمل کورس ۲۵ روپے	زوجام عشق	۴۰ روپے
زینۃ اولاد گولیاں	۳۰ "	تریاق معدہ	۵ روپے
شہزین	ایک ماہ خوراک ۱۰ "		

عورتوں کے معائنہ کا علیحدہ انتظام ہے
منجانب حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

نقالوں سے بچیں

ہاضمون رجسٹرڈ خریدتے وقت نصرت کیمیکل ورکس ربوہ کا لیبل دیکھ کر خریدیں۔ ملتے جلتے ناموں اور نقالوں سے بچیں۔

حکیم نذیر احمد ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

محترمہ مقصودہ بانو صاحبہ اہلیہ عباد اللہ گیانی صاحب وفات پا گئیں

انا للہ وانا الیہ راجعون

نہایت افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ محترم عباد اللہ گیانی صاحب منیجر روزنامہ الفضل کی اہلیہ محترمہ مقصودہ بانو صاحبہ ۲۵ دسمبر ۱۹۷۸ء بروز پیر بوقت ساڑھے تین بجے سہ پہر میو ہسپتال لاہور میں بعمر ۔۔۔ سال وفات پا گئیں انا للہ وانا الیہ راجعون۔

محترم گیانی صاحب مرحومہ کا جنازہ ۲۵ اور ۲۶ درمیانی رات لاہور سے ربوہ لائے۔ ۲۶ دسمبر کو نماز فجر کے بعد مسجد دارالرحمت غربی کے احاطہ میں محترم مولانا نذیر احمد صاحب مبشر ناظم دارالقضاء نے نماز جنازہ پڑھائی جس میں مقامی اور جلسہ سالانہ پر تشریف لائے ہوئے بیرونی احباب نے بہت کثیر تعداد میں شرکت کی۔ بعد جنازہ قبرستان عام میں لے جا کر مرحومہ کی نعش کو وہاں سپرد خاک کیا گیا۔ قبر تیار ہونے پر محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب نے دعا کرائی۔

مرحومہ بہت ملنسار اور مخیر خاتون تھیں۔ مرحومہ نے تین صاحبزادیاں اور ۔۔۔ صاحبزادے ۔۔۔ پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں اور ایک پڑنواسہ اپنی یادگار چھوڑے ہیں۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے ۔۔۔ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام قریب عطا کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا کر کے ان کا دین و دنیا میں حافظ و ناصر ہو۔ آمین۔

صنعت کار اور زمیندار و تاجر احباب توجہ فرمائیں

- اگر آپ ایسی اشیاء بناتے یا پیدا کرتے ہیں جو ملک سے باہر ایکسپورٹ کی جا سکتی ہیں، یا
- آپ اپنا مال کراچی کی مارکیٹ میں سپلائی کرنا چاہتے ہیں یا
- آپ کراچی سے کوئی مال منگوانا چاہتے ہیں،

تو براہ کرم ہم سے رابطہ قائم کریں، انشاء اللہ العزیز ہماری خدمات آپ کے لئے ہمیشہ اطمینان بخش ثابت ہوں گی۔ ہمارے پاس مناسب کرایہ پر گودام کی سہولت بھی موجود ہے۔

جلسہ سالانہ کے دنوں میں ہمارے نمائندہ شیخ نصیر احمد سے مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ قائم کریں (بہتر ہو کہ نمونہ جات اور نرخ ساتھ لاویں) یا مکان لطیف اکمل صاحب نزد ریلوے سٹیشن بالمقابل بنگو خانہ۔

مڈلینڈ ٹریڈنگ کمپنی
۸۲۲ گرین ٹاؤن۔ کراچی ۴۳۰
دارالصدر۔ ربوہ
ربوہ فون نمبر ۵۷۶

جلسہ سالانہ پر گھر پر ضرورت کیلئے

انڈوں کی خصوصی رعایت

جلسہ سالانہ سے پہلے چھ روپے درجن انڈے حاصل کرنے کے لئے ہم سے رابطہ قائم کریں۔ ہم آپ کی ضرورت کے مطابق انڈے آپ کو مہیا کریں گے۔

رحمت پولٹری فارمز
فیصل آباد
منور احمد عطاء دارالرحمت شرقی الف
ربوہ

آپ کو جلسہ سالانہ میں شمولیت مبارک ہو

ایوان محمود کے بالکل سامنے
حضرت حکیم نظام جان صاحب (مرحوم) کے چشمہ فیض سے

مشہور دواخانہ

میں عورتوں اور مردوں کے شعبہ جات مصروف خدمت ہیں

حکیم عبدالحمید
مشہور دواخانہ ربوہ
فون ۶۴۸

نصرت آباد

ربوہ کی اضافی بستی میں اپنے لئے تجارتی اور رہائشی پلاٹ خرید کر فائدہ اٹھائیے۔ محلہ دارالرحمت کے بالکل قریب عقب مسجد اقصیٰ (غربی جانب) میٹھا پانی۔ پرکشش باغات اور سرسبز مقام۔ کشادہ سڑکیں۔ سٹرفٹ چوڑی ساہیوال چنیوٹ روڈ پر واقع۔ مستقبل قریب میں ربوہ کے مضافات کا تجارتی مرکز کی حیثیت سے ابھرنے والی فوری رجسٹری۔ فوری قبضہ کی بنیاد پر خریدنے کیلئے رجوع فرمائیں۔

بلال اسٹیٹس رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز
فون دفتر ۵۰۸
فون رہائش ۴۰۵
اقصیٰ روڈ۔ ربوہ

مبارک احمد۔ برکات احمد۔ ۲۴/۱۸ دارالرحمت وسطی ربوہ

ہومیوپیتھک و بایوکیمک ادویات کا مرکز

معیاری مدر ٹنکچرز پوٹنسیاں!

۶-۳۰-۲۰۰-۱۰۰۰-۱۰۰۰۰

اور ایک لاکھ طاقت تک، بلک شوگر، گولیاں، ٹکیاں، خالی شیشیاں اور ہومیوپیتھک و بایوکیمک کتب وغیرہ پاکستان کے تھوک فروشوں کے متوازی نرخوں پر خرید فرمائیں۔

کیمورلیٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ ہومیو)
گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

فون ۶۸۱

خالص

سونے چاندی کے حسب منشاء زیورات جدید ڈیزائنوں میں بنوانے

اور

خرید و فروخت کا اعلیٰ مرکز

محمود گولڈ سمتھ

یَاْتِی اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ کی دیدہ زیب انگوٹھیاں، سندھی و خیشہ کو کے خریدنے کا اعلیٰ مرکز

چوہدری محمود احمد۔ گلزار احمد۔ گولبازار ربوہ
عقب مسلم کمرشل بینک

شاہ ہومیوپیتھک سٹور

رحمت بازار ربوہ

۱۔ پرانے اور اوریجنل پچکاری، زنانہ اور مردانہ امراض کی کامیاب علاج گاہ۔
۲۔ پاکستانی، جرمن اور امریکن کھلی یا سربمہر ادویات کا مرکز۔
۳۔ انگلش اردو، ہومیوپیتھک و بایوکیمک کتب لاہور کے نرخوں پر دستیاب۔
۴۔ ہومیوپیتھک پوٹنسیاں ۶، ۳۰ تا ایک لاکھ۔ گولیاں، ٹکیاں، بلک شوگر اور بایوکیمک ادویات بارعایت خریدنے کے لئے تشریف لائیں۔!

مایہ ناز مرکبات

جوب اکھرا	مکمل کورس	۲۴ روپے
دوائی اولاد نرینہ	"	۳۰ "
زوجام عشق	۶۰ گولی	۴۰ "
حب عنبر	۳۰ "	۱۰ "
حب نادر	۳۰ "	۱۵ "

مکمل معلومات کیلئے فضل محمود دواخانہ
قریشی مارکیٹ گولبازار ربوہ